اگست، 2018

# تحفظ

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کا جریدہ



## تحفظ اور اعتماد، ساتھ ساتھ

## اہم خبریں

### سدرن ریجن

کے ایریا مینیجرز کو ریجنل چیف کی جانب سے عشائیہ، چیئرمین اسٹیٹ لائف کی خصوصی شرکت

### ناردرن ریجن

کی تقریب میں چیئرمین جناب شعیب میر کی شرکت

### سینٹرل ریجن

لاہور میں ریجنل کانفرنس کا انعقاد

### خیبر پختونخواہ ریجن

میں زونل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز اور ایریا مینیجرز کانفرنس

خیال وافکار

# ہم بھی کتنے بااختیار/ بے اختیار ہیں

کبھی کبھی ہم بااختیار ہوتے ہوئے بھی بے اختیار رہنا چاہتے ہیں۔ دراصل ہم اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے سے گھبراتے ہیں۔

ہم ترقی کی آرزو رکھتے ہیں، آگے بڑھنا چاہتے ہیں، مراعات کے طلب گار ہوتے ہیں مگر تفویض کئے گئے اختیارات کماحقہٗ استعمال کرنے سے گریز کرتے ہیں۔

ہم میں سے کتنے دوست، ساتھی ایسے ہیں جو کاموں میں فیصلہ کرنے میں حیل وحجت سے کام لیتے ہیں، اپنے ادارے کے لئے کوئی مفید تجویز یا قابل عمل مشورہ انتظامیہ تک پہنچانا تو دور کی بات ہے، انتظامیہ کے فیصلوں پر عمل درآمد کے مختلف مراحل کے دوران بھی کوشش کرتے ہیں کہ فائل پر کوئی ریمارک/تبصرہ یارائے نہ دیں۔ یہ شاید اس لئے ہے کہ ہم جس منصب پر کام کررہے ہیں یا تو ہماری گرفت کم ہے یا کام کو نہ سمجھنا، اعتماد کی کمی، ہمیں فیصلہ کرنے میں مشکل کرتی ہے۔

دوستو! یہ سب کچھ ہمیں اپنی زندگی میں نظر بھی آتا ہے اور ہم جانتے بھی ہیں کہ ہماری سست کارکردگی سے ادارے کی ترقی واستحکام کو نقصان پہنچتا ہے اس کے باوجود ہم اپنی کارکردگی میں بہتری نہیں لاتے۔

ہر ادارے میں چند مخلص لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو اپنی قابلیت، صلاحیت کے بل بوتے پر مکمل اعتماد کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ ان میں بلا کی قوت فیصلہ ہوتی ہے انہیں اپنے ہر ہر عمل کے نتیجہ خیز ہونے کا یقین ہوتا ہے۔ ایسے لوگ اپنے ادارے کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرتے ہیں اور یہ لوگ ادارے کی بیک بون سمجھے جاتے ہیں۔ اس کے برعکس ایسے لوگوں کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے جو تمام مراعات بھی وقت پر لینا چاہتے ہیں لیکن عملاً کام میں اتنی تیزی نہیں دکھاتے۔ محض پہلی قسم کے بااعتماد، باصلاحیت، معاملہ فہم اور قوت فیصلہ سے مالا مال لوگوں کی باعمل اور نتیجہ خیز کارکردگی کے بل پر اس ملک کے ادارے چل رہے ہیں۔

ہم سب کو غور کرنا چاہئے کہ ہم کس قسم کے لوگوں میں شمار ہوتے ہیں؟

آیئے عہد کریں کہ اپنی ذمہ داریاں دیانت داری سے نبھائیں گے۔ صحیح وغلط میں تمیز کریں گے اور دفتری فیصلوں کو نتیجہ خیز بنانے میں اپنا کردار ادا کریں گے تاکہ ملک کا یہ قومی ادارہ مزید ترقی کرسکے اور بیمہ زندگی کا پیغام گھر گھر پہنچ جائے۔

ایڈیٹر

ccd.statelife@yahoo.com

## مستجاب دعا



اَللّٰھُمَّ اَحۡسِنۡ عَاقِبَتَنِیۡ فِی الۡاُمُوۡرِ کُلِّھَا، وَ اَجِرۡنِیۡ مِنۡ خِزۡیِ الدُّنۡیَا وَ الۡآخِرَۃ

اے اللہ ہمارا انجام اچھا کر کل کاموں میں اور ہم کو دنیا و آخرت کی رسوائی سے بچا۔

## فرمانِ الٰہی



اور تمہارے پروردگار نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرتے رہو۔ اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو اُن کو اُف تک نہ کہنا اور نہ انہیں جھڑکنا اور ان سے بات ادب کے ساتھ کرنا۔ اور عجز و نیاز سے ان کے آگے جھکے رہو اور ان کے حق میں دعا کرو کہ اے پروردگار جیسا انہوں نے مجھے بچپن میں (شفقت سے) پرورش کی ہے تو بھی ان کے حال پر رحم فرما۔


(سورۃ بنی اسرائیل: آیت نمبر 24-23)

## فرمانِ رسولؐ



رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بلاشبہ تمہارے بارے میں مجھے سب سے زیادہ ڈر شرکِ اصغر کا ہے۔ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پوچھا۔ اے اللہ کے رسولؐ شرک اصغر کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ "ریا کاری"۔ (مسند احمد)

## قائداعظمؒ نے فرمایا



مملکت کا فرض اکثر تقاضا کرتا ہے کہ ہم اپنے ذاتی ومقامی یا صوبائی مفادات کو مفادِ عامہ کے تابع کرنے کے لئے ہمہ وقت تیار رہیں۔ مملکت کا فرض پہلے ہے اور اپنے صوبہ، ضلع، قصبے اور اپنے گاؤں کا فرض بعد میں آتا ہے۔ یاد رکھئے! ہم ایک ایسی مملکت کی تعمیر کررہے ہیں جو پوری اسلامی دنیا کی تقدیر بدل دینے میں اہم ترین کردار ادا کرنے والی ہے۔

(اسلامیہ کالج، پشاور، 12 اپریل 1948)

## فرمودۂ اقبالؒ



عجب نہیں کہ خدا تک تری رسائی ہو
تری نگہ سے ہے پوشیدہ آدمی کا مقام

تری نماز میں باقی جلال ہے، نہ جمال
تری اذاں میں نہیں ہے مری سحر کا پیام

(ضربِ کلیم)

رضیہ رمضان ڈوسہ
(ڈپارٹمنٹل ہیڈ، سی سی ڈی)

محمد احمد اللہ خان
ڈپٹی ایڈیٹر

ترسیل: ناصر جاوید

رابطہ ایڈیٹر تحفظ، کارپوریٹ کمیونیکیشنز ڈپارٹمنٹ، پرنسپل آفس، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، ڈاکٹر ضیاالدین احمد روڈ، پوسٹ بکس نمبر 5725، کراچی -75530
ٹیلی فون نمبر: 99202819 (021) فیکس: 99202868 (021)

لے آؤٹ ڈیزائن، آرگس ایڈورٹائزنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ

تحفظ کا شمارہ اسٹیٹ لائف کی ویب سائٹ www.statelife.com.pk پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

# سدرن ریجن کے ایریا مینجرز کو ریجنل چیف کی جانب سے عشائیہ، چیئر مین اسٹیٹ لائف کی خصوصی شرکت



جناب اظہر حسین چیئر مین جناب شعیب میر کو پھول پیش کر رہے ہیں



چیئر مین جناب شعیب میر ایریا مینجرز سے خطاب کرتے ہوئے

گزشتہ دنوں ریجنل چیف کی جانب سے اعلان کردہ انعامی مقابلے کی ایک پُر وقار تقریب اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 2 کے بورڈ روم میں منعقد ہوئی ۔ اس تقریب میں چیئر مین جناب شعیب میر اور جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے خصوصی طور پر شرکت فرمائی۔ تقریب کی میزبانی کے فرائض جناب صدیق اکبر ریجنل چیف ساؤتھ نے انجام دیئے۔ اس موقع پر کراچی کے تینوں زونل سربراہان، کوالیفائی کرنے والے تمام ایریا مینجرز ، افسران و اسٹاف نے شرکت فرمائی۔

پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا، بعد ازاں نعتِ رسولِ مقبولؐ پیش کی گئی۔ جناب صدیق اکبر ریجنل چیف ساؤتھ نے خطبۂ استقبالیہ پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ریجن میں ہونے والے ستمبر تک کے بزنس پر تفصیلی روشنی ڈالی اور باقی ماندہ مہینوں میں کام کی رفتار کو مزید تیز کر کے ریجن کو اوّل پوزیشن پر لانے کا عزم کیا۔ انہوں نے ایریا مینجرز کو اور زیادہ محنت کرنے اور اپنی فیلڈ کو متحرک رکھنے پر زور دیا۔

جناب اظہر حسین ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے اپنے خطاب میں تمام کامیاب ایریا مینجرز کو مبارک باد پیش کی۔ اس موقع پر انہوں نے یہ بات زور دے کر کہی کہ اب سال دسمبر کی طرف بڑھ رہا ہے، ہمیں چاہیئے کہ ہم اپنی کاروباری سرگرمیوں کو مزید تیز کریں تاکہ ساؤتھ ریجن سال میں اپنا ٹارگٹ پورا کرے۔ اس کام کے لئے پرنسپل آفس کی یا میری کسی مدد کی ضرورت ہو تو میں ہر وقت دستیاب ہوں۔ چیئر مین اسٹیٹ لائف نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ اسٹیٹ لائف کو آنے والے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے بھرپور تیاری کرنا ہوگی۔ اپنی مارکیٹنگ فورس کو بہت بہتر انداز میں تیار کرنا ہوگا، اس کے لئے آپ کو اپنے ٹریننگ ڈپارٹمنٹ کو اور زیادہ فعال کرنا ہوگا تاکہ آپ کی مارکیٹنگ فورس مارکیٹ میں دوسری انشورنس کمپنیوں کا مقابلہ کر سکے۔ ہمیں اپنے پالیسی ہولڈر، کمپیوٹر اور مارکیٹنگ ڈپارٹمنٹس کو بہتر اور جدید بنانا ہوگا تاکہ پالیسیوں کے سلسلے میں یہاں سے کاموں کی تیزی سے پروسیسنگ ہو سکے۔ یہ دور سروسز کا ہے، اس میں آپ جتنی اچھی سروسز فراہم کریں پالیسی ہولڈر اتنا ہی آپ کے قریب آئے گا، اسٹیٹ لائف کے بزنس کا گراف اتنا ہی اوپر جائے گا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کا وقار آج آپ ہی لوگوں کی وجہ سے ہے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو معاشی منصوبہ بندی کے لئے بیمہ زندگی کی طرف مائل کرتے رہیں گے جس سے یقیناً آپ کو معاشی آسودگی ملے گی اور ضرورت مند عوام کو بھی آنے والے مشکل معاشی مسائل سے نمٹنے کا مؤثر موقع ملے گا۔ آخر میں جناب شعیب میر نے کانٹیسٹ میں کامیاب 18 ایریا مینجرز کو شیلڈز اور سرپرائز گفٹ پیش کئے۔





جناب شعیب میر چیئر مین ایریا مینجرز کو سرٹیفکیٹ اور شیلڈز دے رہے ہیں



میٹنگ کے شرکاء کا گروپ فوٹو

محمد عارف درویش
ڈپٹی مینجر، ساؤتھ ریجن

# ناردرن ریجن میں لکی ڈرا برائے مہران کار کی تقریب، چیئرمین جناب شعیب میر کی خصوصی شرکت!




اسٹیج پر چیئرمین جناب شعیب میر، جی ایم مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، ریجنل چیف نارتھ اور زونل ہیڈ اسلام آباد موجود ہیں

اسٹیٹ لائف ناردرن ریجن کے زیرِاہتمام کوالیفائرز کے اعزاز میں تقریب اور بمپر انعامی مقابلہ برائے دسمبر 2017 لکی ڈرا برائے مہران کار کی قرعہ اندازی کی شاندار تقریب منعقد ہوئی۔ مہمان خصوصی چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر نے تقریب کی صدارت کی۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کا تقریب میں شرکت پر شکریہ ادا کیا اور انہیں پھول پیش کیے۔

تقریب کا آغاز سیکٹر ہیڈ راولپنڈی زون جناب محمد نواز عباسی کی تلاوت کلام پاک سے ہوا اس کے بعد ہدیہ نعت کا نذرانہ جناب عمران بھٹی نے پیش کیا۔




جناب شعیب میر پرچی پڑھ کر کار جیتنے والے خوش نصیب کا اعلان کر رہے ہیں




چیئرمین جناب شعیب میر کار کی چابی دے رہے ہیں

یہ پروگرام ریجنل چیف ناردرن ریجن چوہدری محمد اعجاز کی رہنمائی میں ترتیب دیا گیا اس کے علاوہ زونل ہیڈ اسلام آباد، کوالیفائڈ سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز نے بھی اس تقریب میں شرکت کی۔

چیئرمین اسٹیٹ لائف کی آمد پر سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور ریجنل چیف ناردرن چوہدری محمد اعجاز نے بھرپور استقبال کیا اور چیئرمین اور

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور ناردرن ریجن کو کنٹریبیوشن میں نمبر 1 آنے پر تمام سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کو مبارکباد پیش کی۔

بعدازاں تقریب میں مہران کار کی قرعہ اندازی چیئرمین جناب شعیب میر کے دست مبارک سے کی گئی۔ لکی ڈرا میں خوش نصیب ایریا منیجر جہلم زون جناب شوکت تنویر نے بمپر انعامی کار جیتی۔

بعدازاں چیئرمین اسٹیٹ لائف جناب شعیب میر نے ناردرن ریجن کی زبردست کارکردگی پر تمام ساتھیوں کو مبارکباد پیش کی اور ماہ دسمبر میں اول پوزیشن حاصل کرنے والے سیکٹر ہیڈ مرزا خالد محمود اور ایریا منیجر جناب طاہر محمود کو ریجن کی طرف سے گولڈ میڈلز پہنائے گئے اور کارپوریشن میں اول پوزیشن ماہ جولائی تک حاصل کرنے والے ایریا منیجر جناب محمد آصف کو پھولوں کا گلدستہ اور ہار پہنائے گئے۔ اس موقع پر چیئرمین جناب شعیب میر نے کہا کہ ہمیں اپنے پالیسی ہولڈرز ڈپارٹمنٹ کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہوگا تاکہ ہم آنے والے سالوں میں مارکیٹنگ کے چیلنجز سے نبرد آزما ہو سکیں کمپیوٹرز کو بہتر اور جدید بنانا ہوگا تاکہ ہم بیمہ کا پیغام شہروں اور گاؤں میں پہنچا سکیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ انشاء اللہ ناردرن ریجن سال کے اختتام پر پہلے نمبر پر ہوگا۔ آخر میں ریجنل چیف ناردرن ریجن نے تمام شرکائے تقریب کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا۔

رپورٹ: اسد علی خان

منیجر ریجنل آفس نارتھ، اسلام آباد






چیئرمین جناب شعیب میر شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

# کراچی سدرن زون کی جانب سے عیدملن کی تقریب کا انعقاد !


جی ایم مارکیٹنگ جناب اظہر حسین خطاب کر رہے ہیں


زونل ہیڈ ساؤتھ جناب شاہنواز سومرو خطاب کر رہے ہیں

زونل ہیڈ جناب شاہنواز سومرو کی جانب سے اعلان کردہ تقریب کا انعقاد مقامی ہوٹل میں کیا گیا۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین مہمان خصوصی تھے جبکہ صدارت کے فرائض جناب صدیق اکبر نے انجام دیئے۔

تقریب کا آغاز سیلز آفیسر سلمان کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ تقریب کے میزبان شاہنواز سومرو نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور زون کی اچھی کارکردگی کا ذکر کرتے ہوئے آئندہ دنوں میں بہترین کارکردگی کا عزم کیا۔ تقریب سے صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن راجہ مظفر حسین اور صدر ایریا منیجرز ایسوسی ایشن ڈاکٹر احسان اللہ خان نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے اپنے خطاب میں بھرپور تعاون کا یقین دلایا کہ ہم سب مل کر کراچی زون کو نمبر 1 زون بنائیں گے۔ شرکاء میں سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، سیلز منیجرز، سیلز آفیسرز نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

ریجنل چیف جناب صدیق اکبر نے اپنی تقریر میں کہا کہ ہمیں اپنی پلاننگ میں اعلیٰ اہداف کا تعین کرتے ہوئے محنت کرنا ہوگی اور اپنے ورکر کو کامیاب بنانا ہوگا۔


عیدملن تقریب کے شرکاء کا گروپ فوٹو


سیکٹر ہیڈ وزونل ہیڈز جناب اظہر حسین کو پھول پیش کر رہے ہیں

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے اپنے خطاب میں تمام زونز کی حوصلہ افزائی کی کہ آپ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر منی لاہور کنونشن جیت سکتے ہیں جہاں پورے پاکستان سے فیلڈ فورس کے نمائندے شریک ہوتے ہیں۔ ہم MDRT کو بھی فعال بنائیں گے۔ آئندہ کنونشن کے لئے کوششیں کریں۔ نئے لوگوں کی تلاش جاری رکھیں۔

آخر میں اچھی کارکردگی والے فیلڈ فورس کے لوگوں کو پھول اور ہار پیش کئے گئے۔

(تحفظ رپورٹ)


شرکائے محفل

# ایچ آر ڈی ڈویژن کی جانب سے ساؤتھ ریجن کی مارکیٹنگ فورس کے لئے کورس کا انعقاد



ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب روشن علی شیخ اور ڈپارٹمنٹل ہیڈ ایچ آر ڈی جناب طاہر اے خان کے ساتھ تشریف فرما ہیں



شرکائے کورس کا گروپ فوٹو

مذکورہ بالا سیمینار کا انعقاد کراچی کے مقامی ہوٹل میں کیا گیا تھا جس میں ریجنل چیف ساؤتھ جناب صدیق اکبر، ڈویژنل ہیڈ ایچ آر ڈی جناب طاہر اے خان، زونل ہیڈ جناب شاہنواز سومرو، زونل ہیڈ سینٹرل جناب ندیم قادری، جناب عبدالغفار منیجر مارکیٹنگ (پی او) سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور سیلز منیجرز نے شرکت کی۔ ایچ آر ڈی ڈویژن کے نوید شیخ نے سیمینار آرگنائز کیا۔

اس سیمینار کو گیسٹ ٹریز عائشہ سیٹھی نے کنڈکٹ کیا، جنہوں نے اپنے نیشنل اور انٹرنیشنل تجربے کو بہترین طور پر پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پروفیشنل ترقی میں ٹریننگ کی بہت اہمیت ہے۔ خاص طور پر مارکیٹنگ پروفیشن میں ٹریننگ کی اہمیت اور زیادہ بڑھ جاتی ہے کیوں کہ ٹرینڈ مارکیٹنگ فورس اپنی پروڈکٹ فروخت کرنے میں بہتر انداز میں کامیاب ہوتی ہے۔ جس سے شرکا نے خوب انجوائے کرتے ہوئے سیکھا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناب روشن علی شیخ نے کہا کہ وہ نیپا اور دیگر اداروں کے تجربات کو استعمال کرتے ہوئے اس شعبے میں بہتری لانے کی کوشش کر رہے ہیں تا کہ مسابقت کے اس دور میں چیلنجز کا بھرپور مقابلے کرنے کے لئے تعلیم و تربیت سے لیس اپنی فورس اور شاندار پروڈکٹ پیش کر کے اس دوڑ میں آگے نکل سکیں۔

ادارے کی دیگر کمپنیاں آئی ٹی وغیرہ سیلز ٹول کے طور پر استعمال کر کے بہترین رزلٹ دے رہے ہیں۔ ہمیں بھی اپنے کام کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے ادارے اور پالیسی ہولڈرز کی خدمت میں آگے بڑھنا ہوگا۔ ٹریننگ کے اختتام پر شرکا کی تواضع چائے اور ظہرانے سے کی گئی۔

رپورٹ: اسلم پرویز
سینئر سیلز منیجر

# راولپنڈی زون میں اسٹیٹ لائف آفیسرز ڈیموکریٹک گروپ کی کامیابی



جناب ساجد انور اپنی ٹیم کے ساتھ انتخابات میں کامیابی پر کیک کاٹ رہے ہیں

گزشتہ دنوں راولپنڈی زون میں آفیسرز ایسوسی ایشن اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کے انتخابات عمل میں لائے گئے۔ اس الیکشن میں دو گروپوں کے درمیان مقابلہ ہوا جس کے نتائج کے مطابق آفیسرز ڈیموکریٹک گروپ کو واضح برتری کے ساتھ کامیابی حاصل ہوئی جس کی قیادت ڈاکٹر ساجد انور کر رہے تھے۔

ڈاکٹر ساجد انور صدر، محمد نواب عباسی سینئر نائب صدر، شہاب الدین نائب صدر، دلاور بخت اخوندزادہ سیکریٹری جنرل، ظہیر احمد ایڈیشنل سیکریٹری جنرل، جواد حمید صحاف ڈپٹی سیکریٹری جنرل، زبیر اسلم مروت جوائنٹ سیکریٹری، محمد حنیف عباسی فنانس سیکریٹری، ملک نثار احمد ڈپٹی فنانس سیکریٹری، ناصر محمود اعوان سیکریٹری انفارمیشن، محمد طاہر مسعود پبلک ریلیشن آفیسر، راجہ خالد محمود، محمد بن ساجد، چوہدری وحید الرحمٰن اور محمد ہمایوں قریشی ایگزیکٹو ممبرز منتخب ہوئے۔

صدر آفیسرز ایسوسی ایشن ڈاکٹر ساجد انور جو گزشتہ 8 سال سے راولپنڈی زون میں آفیسرز کی خدمت میں سرگرداں ہیں وہ ایک محنتی اور ایماندار آفیسر ہیں منتخب صدر راولپنڈی آل پاکستان آفیسرز فیڈریشن کے بھی گزشتہ 3 سال سے منتخب صدر ہیں جیتنے کے بعد انہوں نے اپنے خطاب میں آفیسرز کے جملہ مسائل کے حل کے لئے نئے عزم کا اظہار کیا ہے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ میری ذات سے جو کچھ بھی ہوسکا



آفیسرز ڈیموکریٹک گروپ کی کامیابی پر صدر ڈاکٹر ساجد انور اور ان کی ٹیم کو پھول پیش کئے جا رہے ہیں

چاہے وہ زونل ہیڈ پنڈی کی سطح پر ہو یا پرنسپل آفس میں اعلیٰ انتظامیہ کی طرف سے ہو، میں بھرپور محنت کروں گا اور انشاء اللہ اسٹیٹ لائف کے تمام آفیسرز کے لئے بھرپور مراعات کی کوشش کروں گا۔ میں آپ سے بھی التجا کرتا ہوں کہ آپ میرا بھرپور ساتھ دیں۔ اس موقع پر انہوں نے تمام آفیسرز کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے مجھے ایک بار پھر خدمت کا موقع دیا ہے۔ میں انشاء اللہ آپ کی امیدوں پر پورا اترنے کی کوشش کروں گا۔

ادارہ تحفظ جناب ڈاکٹر ساجد انور اور ان کی پوری ٹیم کو جیتنے پر مبارکباد پیش کرتا ہے اور ان کے نیک ارادوں کے لئے دعا گو ہے۔

(تحفظ رپورٹ)

# اسٹیٹ لائف کلب پرنسپل آفس کی جانب سے سالانہ پکنک کا اہتمام




ریسٹ ہاؤس کے باہر ساتھیوں کا گروپ فوٹو

گزشتہ دنوں کلری ٹھٹھہ سندھ کے مقام پر ممبران اسٹیٹ لائف کلب، پرنسپل آفس کے لئے ایک پکنک کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں



پکنک کے شرکا کشتی کی سواری سے لطف اندوز ہوتے ہوئے

افسران واسٹاف کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ بسوں، کار اور دیگر ذرائع سے لوگ رات گئے پہنچے جہاں پر اسٹیٹ لائف کلب نے اپنے انتظامات کر رکھے تھے۔

تفریح انسانی ضرورت ہے۔ دن بھر 8 گھنٹے کام کر کے انسان کو



پکنک پوائنٹ پر کھانے کا منظر

آرام کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسٹیٹ لائف کلب بھی دوسری اسپورٹس کی سرگرمیوں کی طرح ہر سال ایک پکنک کا انتظام کرتا ہے جس میں کلب کے سبھی دوست شریک ہوتے ہیں۔ سال میں ایک بار یہ موقع لوگوں میں ایک دوسرے کے ساتھ گزارنے کا موقع ملتا ہے۔ جمعہ کی رات کو ریسٹ ہاؤس جو پہلے ہی سے بک کئے گئے تھے دوستوں کو ٹھہرانے کا اہتمام کیا گیا۔ رات کے کھانے کے بعد تمام ممبران اپنی اپنی تفریح میں لگ گئے۔

اگلے دن صبح لوگوں نے مارننگ واک کی۔ ناشتہ کے بعد سب دوستوں نے پرفضا مقام پر لطف اندوز ہونا شروع کیا۔ کشتی رانی اور کوئی کلری جھیل میں نہا کر لطف اندوز ہوا۔ پکنک پوائنٹ انتہائی بارونق، سرسبز وشاداب اور دل لبھانے والا منظر پیش کرنے میں اپنی مثال آپ تھا۔ یہاں پر ہزاروں کی تعداد میں لوگ پکنک مناتے آتے ہیں۔ کلب کے ممبران نے بھی بھرپور انداز میں پکنک کو انجوائے کیا۔ یوں دوپہر تک لوگ تفریح کرتے رہے دوپہر کو اسی پوائنٹ پر کھانا کھایا۔ بعد ازاں لوگوں نے اپنی واپسی کی تیاری شروع کردی۔ اس موقع پر لوگوں نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے اس پکنک کو ایک سنگ میل قرار دیا۔ ساتھ میں ان کا اصرار تھا کہ یہ پکنک سال میں دو دفعہ ہو اور تسلسل سے جاری رہے۔

دن بھر کی تفریح سے فارغ ہو کر یادگار لمحات سمیٹتے ہوئے واپس پرنسپل آفس آئے اور یہیں سے اپنے گھروں کو روانہ ہوئے۔

واضح رہے کہ اس پکنک میں افسرن و اسٹاف کے نمائندوں اور دوستوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

رپورٹ: جنیدالرحمٰن
سی سی ڈی





صدر کلب جناب اقبال بیگ کا پکنک کے شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

# خیبر پختونخواہ ریجن کی زونل ہیڈز و سیکٹر ہیڈز کانفرنس

گزشتہ دنوں پشاور میں زونل ہیڈز و سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کانفرنس کا انعقاد ہوا جس کی صدارت ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد نے کی اور اسٹیج سیکریٹری کے فرائض سینئر ایریا منیجر پشاور زون جناب جان محمد نے سرانجام دیئے۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ جناب محمد عدنان نے نعت رسول مقبولؐ پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ شرکاء نے جناب خالد محمود شاہد کو ریجنل چیف خیبر پختونخواہ بننے پر مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ ہم سب آپ کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر چلیں گے۔ اس کے بعد جناب خالد محمود شاہد نے تمام زونل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کا استقبال کیا اور اس موقع پر جناب نمائش خان کو مہمان خصوصی کی حیثیت سے گلدستہ پیش کیا اور تمام زونز سے ٹاپ کرنے والے زونل سربراہ، ٹاپ سیکٹر ہیڈ، ٹاپ ایریا منیجرز کو گلدستے پیش کئے اور ٹاپ 5 سیکٹر ہیڈز، ٹاپ 10 ایریا منیجرز کو پھولوں کے ہار پہنا کر ان کی اعلیٰ کارکردگی کو سراہا۔



ریجنل چیف اچھی کارکردگی پر ایریا منیجر محمد نثار کیک کاٹ رہے ہیں، دیگر ساتھی بھی نمایاں ہیں

تمام زونل ہیڈز نے اپنے اپنے زونز کے بارے میں کارکردگی اور مسائل کے بارے میں گفتگو کی اور تمام زونل سربراہان نے یہ یقین دلایا اور کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ایک ایسے وقت پر ہمیں ایک عظیم آدمی سے نوازا کہ اس وقت خیبر پختونخواہ ریجن کو آپ کی ضرورت ہے اور آپ کا جو ویژن ہے انشاء اللہ ضرور مکمل ہوگا اور ہم ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد محمود شاہد کی موجودگی میں مزید ترقی کرسکیں گے۔

اس تقریب میں زونل سربراہ گروپ، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، ریجنل انچارجز، آفیسر ایسوسی ایشن کے نمائندے، فیلڈ فورس اور بینکا اشورنس کے لوگوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد نے کہا کہ میں اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتا ہوں کہ مینجمنٹ نے مجھ پر خیبر پختونخواہ ریجن آنے پر اعتماد کیا ہے۔ کوشش کروں گا کہ سب کو ساتھ لے کر چلوں۔ دن رات بھرپور محنت اور ایمانداری سے کام کرنا ہو گا کوشش کروں گا کہ فیلڈ فورس کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو لیکن آپ لوگوں کو بھی کارپوریشن کی ترقی کے لئے بھرپور محنت کرنا ہوگی۔ میں نے ہمیشہ ریجن اور زون کے لئے آسانیاں پیدا کی ہیں۔ آج جو عزت ملی ہے وہ مجھے اپنی محنت اور کام کی بدولت ہے۔ آپ کے جتنے بھی مسائل ہیں انہیں حل کرنے کی پوری کوشش کروں گا اور انشاء اللہ خیبر پختونخواہ ریجن ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا اور اپنی اور آپ کی بھرپور کوششوں سے اس کو نمبر 1 پوزیشن پر لائیں گے۔ ڈاکٹر ظفر اللہ نے ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد کا شکریہ ادا کیا اور اپنی طرف سے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی خواہ ریجن کی سطح پر ہوں یا پرنسپل آفس میں ہوں تمام زونز کے لئے آسانیاں پیدا کرنے کی کوشش کریں گے اور ابھی ایس ایم ایس سسٹم بھی شروع ہوگیا تو ہمیں اس سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہئے۔

سابقہ زونل سربراہ پشاور زون جناب نمائش خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ میں جناب خالد محمود شاہد کو ریجنل چیف خیبر پختونخواہ بننے پر مبارک باد دیتا ہوں اور تمام زونل سربراہان، ریجنل انچارج، تمام تنظیموں کے عہدیداران اور مہمانوں کو خوش آمدید کہتا ہوں۔ ریجنل چیف یہ ہماری خوش قسمتی ہے کہ آپ جیسے فرض شناس اور محنت کرنے والی ایماندار شخصیت ہمارے ریجن کا حصہ بن گیا۔

رپورٹ: مختار یوسف زئی
پی ایس ٹو ریجنل چیف خیبر پختونخواہ، ریجن پشاور





ریجنل چیف خالد محمود شاہد، تمام زونل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز کانفرنس کا گروپ فوٹو

# اسٹیٹ لائف ملتان زون میں تقریب تقسیم انعامات !



ریجنل چیف ملتان چوہدری اختر حسین ملتان زون کے ساتھیوں سے خطاب کرتے ہوئے




ریجنل چیف ملتان چوہدری اختر حسین، ایریا منیجر محمد اقبال کو 10 ہزار روپے کا انعام دیتے ہوئے

اسٹیٹ لائف ملتان زون میں عیدالفطر سے چند روز پہلے ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں ملتان زون کی کامیاب فیلڈ فورس، تمام ایریا منیجرز و سیکٹر ہیڈز، تمام یونین و ایسوسی ایشنز کے نمائندگان کو مدعو کیا گیا تھا۔ تقریب کی نظامت کے فرائض صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن جناب آغا سہیل کامران نے انجام دیئے۔ زونل ہیڈ ملتان جناب شاہد حسن شکرانی میزبان جبکہ محترم چوہدری اختر حسین مہمان خصوصی تھے۔

تقریب کے انعقاد کی غرض و غایت مختلف اعلان کردہ انعامی مقابلوں میں کامیاب شاہین صفت فیلڈ کارکنان میں قرعہ اندازی کے ذریعے انعامات تقسیم کرنا اور کاروبار بڑھانے کے لئے نئی ٹیکنیکس اور ترغیبات دینا تھا۔

ملتان زون میں پہلی مرتبہ اجرک پہنانے کا مقابلہ رکھا گیا تھا لہٰذا اس تقریب میں مقابلہ کے کامیاب ساتھیوں کو ریجنل چیف ملتان چوہدری اختر حسین کے دست مبارک سے اجرک پہنائی گئی۔ اسی طرح رمضان المبارک میں ایک انعامی مقابلہ عید سے پہلے عیدی کا اعلان کیا گیا تھا جس کے انعامات بھی خوش نصیبوں کو بروقت دیئے گئے۔ تقریب کے بروقت اور فوری انعقاد میں زونل سیکریٹریٹ اور ایجنسی ڈپارٹمنٹ کے اسٹاف کی محنت و کاوش شامل حال رہی۔

تقسیم انعامات کے بعد زونل ہیڈ ملتان نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ جناب ریجنل چیف کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کامیاب ساتھیوں کو



ریجنل چیف ملتان میٹنگ میں فیلڈ کے ساتھیوں سے خطاب کرتے ہوئے

مبارک باد دی آخر میں ریجنل چیف ملتان جناب چوہدری اختر حسین نے خوبصورت تقریب منعقد کرنے پر منتظمین کو شاباش دی۔ کامیاب ساتھیوں کو مبارک باد دیتے ہوئے حوصلہ افزائی کی اور کام میں اضافہ کے لئے حاضرین محفل کو ترغیبات اور رہنمائی دی۔

آخر میں حاضرین کو پرتکلف کھانا پیش کیا گیا اور یوں ادارے، زون کی کامیابی و ترقی اور ملکی سلامتی کے لئے دعاؤں کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

رپورٹ: مرزا نوشیرواں عادل بیگ
انچارج ریجنل چیف سیکریٹریٹ، ملتان زون



ریجنل چیف ملتان کامیاب ساتھیوں کو ملتانی اجرک پہناتے ہوئے

# سینٹرل ریجن لاہور میں ریجنل کانفرنس کا انعقاد!







گزشتہ دنوں سینٹرل ریجن لاہور میں ریجنل کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں چیئرمین جناب شعیب میر اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے خصوصی شرکت کی۔ اس تقریب میں ریجنل چیف سینٹرل جناب محمد داؤد ناصر، زونل ہیڈ لاہور سینٹرل جناب محمد اکبر مغل، ریجن کے تمام زونل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اور ایسوسی ایشن کے لوگوں نے بھرپور شرکت کی۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ بعد ازاں نعت رسول مقبولؐ پیش کی گئی۔ اس موقع پر سینٹرل ریجن کے نمایاں کارکردگی کے حامل ایریا منیجرز کو چیئرمین جناب شعیب میر نے پھولوں کے ہار پہنائے اور گلدستے پیش کئے۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں زونل ہیڈ سینٹرل جناب محمد اکبر مغل نے 2018 کے 6 ماہ کی زون کی کارکردگی پیش کی اور آنے والے مہینوں میں زون کے بزنس کو مزید بڑھانے کے لئے جو اقدامات کرنا چاہتے ہیں وہ بتائے۔ جناب اکبر مغل نے اس بات کا عندیہ بھی دیا کہ سال 2018 کے اختتام پر لاہور سینٹرل زون نئے سال کے پیج میں نمبر ون ہوگا۔ ریجنل چیف سینٹرل جناب داؤد اے ناصر نے اپنے خطاب میں سینٹرل ریجن کو درپیش مسائل سے چیئرمین کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے اپنے خطاب میں ریجن کے تمام زونل ہیڈز کو سال 2018 کے اختتام تک بھرپور محنت کرنے کو کہا تاکہ ریجن نمایاں پوزیشن حاصل کر سکے۔

اس موقع پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین نے اپنے مخصوص انداز میں خطاب کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ بیمہ کے کاروبار میں ابھی بہت









گنجائش باقی ہے ہمیں چاہئے ہم زیادہ سے زیادہ محنت کریں۔ اچھے لوگوں کو بھرتی کریں تاکہ بیمہ کا یہ قومی ادارہ اور ترقی کر سکے۔ اس موقع پر انہوں نے 2018 میں اپنی اور انتظامیہ کی طرف سے فیلڈ کو متحرک رکھنے والے اقدامات کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے شرکاء پر اور زیادہ کام کرنے پر زور دیا۔

اس موقع پر چیئرمین جناب شعیب میر نے اپنے خطاب میں بیمہ انڈسٹری میں آنے والے حالات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں بیمہ زندگی کے پیغام کو شہر شہر اور گاؤں گاؤں پہنچانا ہوگا۔ اس کاروبار میں ابھی بہت گنجائش ہے۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ سروسز اور محنت کے ذریعے ہی آپ مارکیٹ کے نئے چیلنجز کا مقابلہ کرسکیں گے۔ میں آپ کو یہ عندیہ بھی دیتا ہوں کہ آنے والے حالات میں محنت کرنے والے لوگوں کو بھرپور پذیرائی ملے گی اور یہ قومی ادارہ اور بھی ترقی کر سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ کارپوریشن کی حیثیت دیگر مالیاتی اداروں سے منفرد ہے۔ ہمیں اسے جدید خطوط پر استوار کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کا وقار آپ ہی لوگوں کے دم سے قائم ہے۔ آپ لوگوں نے اپنی ساری توانائی خدمت خلق کے لئے وقف کر رکھی ہے۔ آپ لوگوں کی ہی مسلسل محنت کی وجہ سے کاروبار میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے۔ آخر میں انہوں نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور بالخصوص تمام ایریا منیجرز کو مبارکباد پیش کی۔

رپورٹ: محمد مبشر حنیف

انچارج زونل ہیڈ سیکریٹریٹ، سینٹرل زون





# سرگودھا زون میں تقریب تقسیم انعامات

سرگودھا کے مقامی ہوٹل میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔جس میں زونل سربراہ سرگودھا زون، جناب عبدالستار جاوید اور فیصل آباد زون کے مایہ ناز ہیرو جناب محمد سرور بھی مدعو تھے۔ فنکشن کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔اس کے بعد نعت رسول مقبولؐ پڑھی گئی۔ تقریب میں شامل ہونے کے لئے فیلڈ ورکرز کے درمیان مقابلے رکھے گئے تھے جو بھی ایریا منیجر کامیاب ہوگا اس کو ہارنے والا پگڑی پہنائے گا اور زون میں جو اول آئے گا اس کو ٹرافی بطور انعام دی جائے گی۔ گولڈ میڈل بھی انعام میں رکھا گیا۔ فیلڈ کے انعامات بذریعہ قرعہ اندازی تھے۔ پورا ہال کامیاب فیلڈ کارکنان سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔سب سے پہلے فیصل آباد کے مایہ ناز پروڈیوسر محمد سرور نے اپنا خطاب شروع کیا اور پورے ہال کو کامیابی کے گر اور اس فیلڈ میں کامیاب ہونے کی باتیں بتائیں۔اس کے بعد زونل سربراہ نے اپنے خطاب میں شرکاء فنکشن کو خراج تحسین پیش کیا اور خوب پذیرائی کی۔ بزنس کو بڑھانے کے لئے فیلڈ کے ساتھی محنت اور لگن سے اپنے کام پر توجہ دیں۔ پالیسی ہولڈرز سے بروقت رابطہ رکھیں۔جس سے آپ کے بزنس میں مسلسل اضافہ ہوتا رہے گا۔

زونل سربراہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ آئندہ بھی ایسے مقابلے ہوتے رہیں گے تا کہ آپ میں کام کرنے کا جذبہ مزید بڑھے۔ خطاب کے بعد ایریا منیجرز کو پگڑیاں پہنائی گئیں اور گولڈ میڈل انعام میں دیا گیا۔زون میں اول آنے والے ایریا منیجر کو سالانہ ٹرافی دی گئی جو کہ سید ریاض حسین شاہ، ایریا منیجر چنیوٹ لے گئے۔ پھر قرعہ اندازی ہوئی اور فیلڈ کے 151 ساتھیوں کو انعامات دیئے گئے۔جس سے پوری فیلڈ فورس میں نیا جذبہ بیدار ہوا۔

اس کے بعد پرتکلف کھانے سے تواضع کی گئی۔

رپورٹ: پیرزادہ اشتیاق احمد
منیجر مارکیٹنگ، بھلوال، سرگودھا زون



زونل ہیڈ سرگودھا زون جناب عبدالستار جاوید کا سیکٹر ہیڈ فیصل آباد محمد سرور، محمد رضوان، ایریا منیجر سنیل کے ساتھ گروپ فوٹو



زونل ہیڈ سرگودھا زون جناب عبدلستار جاوید کا شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو

# جناب محمد اقبال گل کے اعزاز میں الوداعیہ تقریب



ریجنل چیف حیدرآباد جناب اقبال گل کے الوداعیہ میں جناب اذکار خان اور اظہر حسین کا شرکا کے ساتھ گروپ فوٹو

مورخہ 14 جولائی، 2018 کو حیدرآباد ریجن کے تمام زونز کی جانب سے پرل بینکوئٹ حیدرآباد میں جناب محمد اقبال گل کے اعزاز میں الوداعیہ تقریب منعقد کی گئی، اس تقریب میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر (مارکیٹنگ) جناب محمد اذکار خان، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، ریجنل چیف (ساؤتھ) جناب صدیق اکبر، سابقہ ریجنل چیف جناب حسن رضا، جناب اے جے آخوند، حیدرآباد ریجن کے تمام زونل ہیڈز، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، حیدرآباد زون کے تمام سیلز منیجرز اور حال ہی میں ریٹائر ہونے والے افسران نے شرکت کی، اس تقریب کے مہمان خصوصی جناب محمد اقبال گل تھے۔

اسٹیج سیکریٹری کے فرائض سیکٹر ہیڈ، حیدرآباد زون جناب محمد عمران دانش نے انجام دیئے۔سیلز منیجر حیدرآباد زون جناب غلام رسول کو تلاوت کلام پاک کا شرف حاصل ہوا جبکہ نعت رسول مقبولؐ کی سعادت سیلز منیجر حیدرآباد زون جناب محمد حنیف قریشی نے حاصل کی۔

پنڈال میں پہنچنے پر جناب محمد اقبال گل اور تمام معزز مہمانان گرامی کا والہانہ استقبال کیا گیا۔حیدرآباد ریجن کے تمام زونل سربراہان، صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن جناب میر حسن مغیری، صدر ایریا منیجرز ایسوسی ایشن جناب اتم چند نے فرداً فرداً مہمان خصوصی اور تمام معزز مہمانوں کو دل کی گہرائیوں سے اس تقریب میں خوش آمدید کہا اور استقبالیہ کلمات کا اظہار کیا۔

جناب محمد اذکار خان، جناب اظہر حسین، جناب حسن رضا اور جناب اے جے آخوند نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جناب محمد اقبال گل کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور بطور ریجنل چیف حیدرآباد ریجن برائے سال 2016 اور 2017 میں کارپوریشن میں حیدرآباد ریجن کی پہلی پوزیشن حاصل کرنے کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ اقبال گل کا پورا لائف انشورنس کیریئر مسلسل محنت سے عبارت ہے انہوں نے سیلز نمائندہ سے ریجنل چیف تک کا سفر اپنی محنت اور اپنے کام سے عشق کی بنا پر حاصل کیا۔اسٹیٹ لائف کی مارکیٹنگ فورس میں نئے آنے والے لوگوں کے لئے جناب اقبال گل مثال کے طور پر پیش کئے جاسکتے ہیں۔

جناب محمد اقبال گل نے اپنے خطاب میں تمام معزز مہمانان گرامی کا حیدرآباد آمد پر شکریہ ادا کیا اور خواہش کا اظہار کیا کہ انشاءاللہ 2016 اور 2017 کی طرح 2018 میں بھی حیدرآباد ریجن اول پوزیشن حاصل کرے گا۔ جناب محمد اقبال گل نے مزید کہا کہ ماضی میں آپ لوگوں نے وہ کارنامے انجام دیئے جو انشورنس کی تاریخ کا حصہ ہیں اور میں سروس سے تو ریٹائر ہو رہا ہوں لیکن میں ہمیشہ آپ کے ساتھ ساتھ ہوں اور رہوں گا۔

تقریب کے آخر میں تمام معزز مہمانوں کو عشائیہ دیا گیا۔

رپورٹ: محمد عرفان خان
پی ایس ٹو ریجنل چیف

# سوات زون کی گرینڈ ایجنسی میٹنگ میں جناب خالد محمود شاہد اور جناب خالد منصور کی شرکت

گزشتہ دنوں اسٹیٹ لائف سوات زون میں ایک گرینڈ ایجنسی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں نئے ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد محمود شاہد، ریٹائرڈ ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور اور ریٹائرڈ زونل سربراہ جناب نمائش خان نے خصوصی طور پر شرکت کی معزز مہمانان گرامی کی آمد پر زونل ہیڈ جناب مظفر خان سیکٹر ہیڈ، ایریا منیجرز اور مارکیٹنگ فورس نے شاندار استقبال کیا۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت جناب سید جمال الدین سیلز منیجر نے حاصل کی جبکہ نظامت کے فرائض ایریا منیجر جناب سید فضل ودود نے انجام دیئے۔ سالانہ بنیاد پر اسٹیج پر سب سے زیادہ بزنس کرنے پر سیکٹر ہیڈ جناب بخت شاہ مین، ایریا منیجر جناب سید فضل ودود، سیلز منیجر جناب سید جمال الدین، سیلز آفیسر جناب سید ذکریا جمال اور سیلز نمائندہ جناب اعجاز رحیم کو بٹھایا گیا۔




اسٹیج پر نئے ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد محمود شاہد، ریٹائرڈ ریجنل چیف جناب خالد منصور، ریٹائرڈ زونل ہیڈ نمائش خان، زونل ہیڈ مظفر خان اور سیکٹر ہیڈ جناب بخش شاہ



سوات زون کے تمام ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈز اور زونل ہیڈ کا مہمان گرامی کے ہمراہ ایک گروپ فوٹو

زونل سربراہ سوات زون جناب مظفر خان نے تمام حاضرین کو خوش آمدید کہا اور قائدین کا شکریہ ادا کیا کہ آپ کے آنے سے ہماری حوصلہ افزائی ہوئی اور ایک نیا جوش و جذبہ ملا۔ زونل سربراہ جناب مظفر خان نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جناب خالد محمود شاہد کی قیادت میں خیبر پختونخواہ میں تیزی سے اصلاحات ہورہی ہیں کیونکہ شاہد صاحب ایک تجربہ کار اور منجھے ہوئے بیمہ کار ہیں اور مسلسل محنت اور لگن سے وہ اس مقام تک پہنچے ہیں۔ آپ کی کارکردگی کو پوری کارپوریشن میں تحسین کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ انہوں نے شرکائے میٹنگ پر زور دیا کہ ہمیں بزنس پر زیادہ توجہ کی ضرورت ہے کیونکہ مارکیٹ میں بہت گنجائش ہے اور ہمیں مارکیٹ میں میسر مواقعوں سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ ریٹائرڈ ریجنل چیف (خیبر پختونخواہ) جناب خالد منصور کی بہترین خدمات کو سراہتے ہوئے زونل سربراہ سوات زون نے جناب خالد منصور کو ایک شجر سایہ دار قرار دیا جس کی چھاؤں سے بہت سے لوگوں نے فائدہ اٹھایا اور اپنے ساتھیوں کے لئے قابل تقلید مثال قائم کی ہے جس کی وجہ سے جناب خالد منصور کا نام اسٹیٹ لائف کی تاریخ میں ہمیشہ سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔

زونل سربراہ سوات زون کے شاندار خطاب کے بعد سیکٹر ہیڈ، ایریا منیجرز اور فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن کے نمائندگان نے تمام معزز مہمانان گرامی کو سوات آمد پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے پخیر راغلے، ہرکلہ راشہ، جی آیا نوں، ویلکم اور خوش آمدید کہا اور پھولوں کے گلدستے پیش کئے اور نئے ریجنل چیف (خیبر پختونخواہ) جناب خالد محمود شاہد کو سوات کی ثقافتی چادر اور ٹوپی پہنائی۔

تقریب کے شرکاء سے اپنے مختصر خطاب میں مہمان ریٹائرڈ زونل ہیڈ پشاور جناب نمائش خان نے پرتپاک استقبال پر تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے زونل سربراہ جناب مظفر خان اور مارکیٹنگ فورس کو پورے ریجن میں ماہانہ بنیاد پر اول پوزیشن حاصل کرنے پر زبردست الفاظ میں خراج تحسین اور مبارکباد پیش کی انہوں نے اس موقع پر نئے ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد اور ریٹائرڈ ریجنل چیف جناب خالد منصور کی قائدانہ صلاحیتوں پر ان کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔

شرکاء سے اپنے خطاب میں ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد محمود شاہد نے فقید المثال استقبال پر تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا اپنے مخصوص انداز بیان سے تقریب کو چار چاند لگا دیئے۔ انہوں نے اپنے خطاب کے دوران سوات زون کے تمام فیلڈ فورس، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈ کے ساتھ ساتھ زونل ہیڈ سوات زون جناب مظفر خان کے کام کی تعریف کی اور دعا کی کہ سوات زون اپنے کام کی وجہ سے ریجن کا نمبر ون زون بنا ہے اور انشاء اللہ پورے کارپوریشن میں بھی نمبر ون زون بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ بیمہ زندگی کا پیشہ ایک بہترین پیشہ ہے جس میں دین اور دنیا دونوں کی بھلائی میسر ہوتی ہے۔ اپنے خصوصی خطاب میں جناب خالد محمود شاہد نے آرگنائزرز صاحبان کو ایجنسی آفس کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ہر آرگنائزر کے لئے اپنا ایجنسی آفس ان کی کامیابی میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ اپنی کارکردگی کو بہتر بنانے اور چیلنجز سے نمٹنے کے لئے جدید مارکیٹنگ حکمت عملی اپنانی ہوگی تاکہ کارکردگی میں مزید بہتری آسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جس ادارے سے آپ منسلک ہیں یہ ادارہ پاکستان کا فخر ہے اور آپ پھل دینے والے درخت کے سائے میں ہیں۔ اگر مضبوط ارادوں، نیک نیتی اور پورے عزم کے ساتھ کام کروگے تو کل آپ ہماری نشستوں پر ہوں گے۔

ریٹائرڈ ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد منصور نے کہا کہ میں نے ہمیشہ کارپوریشن کا کام عبادت سمجھ کر سرانجام دیا انہوں نے کہا کہ جو اپنی منزل پر پہنچنا چاہتے ہیں وہ مشکلات سے نہیں گھبراتے اور محدود خواہشات ہی ہماری آمدنی کی راہ میں رکاوٹ ہیں لیکن اگر دیانت داری اور پیشہ ورانہ علم کے تحت محنت کی جائے تو کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ جناب خالد منصور نے اپنے خطاب میں جہاں اپنا کیریئر بیان کیا وہاں تمام لوگوں کا شکریہ بھی ادا کیا اور کہا کہ آج وہ لمحات جہاں ایک نئی تاریخ لکھیں گے۔ وہاں میرے لئے ہمیشہ یادگار بھی رہیں گے۔ اس کے بعد جنرل سیکریٹری فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن، ایریا منیجرز، سیکٹر ہیڈ اور زونل سربراہ کی جانب سے ریٹائرڈ ہونے والے ریجنل چیف جناب خالد منصور کو ان کی شاندار خدمات کے اعتراف میں گلدستہ اور تحائف پیش کئے گئے۔

تقریب کے اختتام پر زونل ہیڈ سوات زون جناب مظفر خان نے تمام معزز مہمانان گرامی اور حاضرین کا شکریہ ادا کیا اس کے بعد پرتکلف ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا۔

رپورٹ: ریاض احمد

پی اے ٹو زونل ہیڈ، اسٹیٹ لائف سوات زون

# تصویری خبرنامہ



ڈی جی ایم مارکیٹنگ جناب ظفر امام علوی کو ریٹائرمنٹ کی تقریب میں جناب اظہر حسین پھول پیش کر رہے ہیں



ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب اظہر حسین ریجنل ہیڈز اور زونل ہیڈز کے ہمراہ واگہ بارڈر کی اختتامی پریڈ کے موقع پر



ریجنل چیف محمد داؤد ناصر، زونل سربراہ محمد اکبر مغل، منیجر مارکیٹنگ میڈم فہمیدہ اشرف، سیلز منیجر محمد مقصود مان کو ٹرافی دیتے ہوئے



زونل ہیڈ لاہور سینٹرل جناب محمد اکبر مغل 14 اگست کی تقریب میں جھنڈا لہراتے ہوئے



منی کنونشن لاہور کی آرگنائزنگ کمیٹی کے جناب عبدالغفار، منیجر مارکیٹنگ کا اپنی ٹیم کے ساتھ ایک گروپ فوٹو



زونل ہیڈ کراچی سینٹرل زون جناب ندیم قادری ریٹائر ہونے والے انچارج پی ایچ ایس سینٹرل زون جناب حیدر علی کو پھول پیش کر رہے ہیں

# اسٹیٹ لائف میدانِ عمل میں



اسلام آباد، ریجنل چیف نارتھ چوہدری محمد اعجاز، حبیب اللہ مرحوم کے لواحقین کو ایک کروڑ، 23 لاکھ روپے کا ڈیتھ کلیم چیک دے رہے ہیں۔ یاد رہے کہ مرحوم نے صرف 3 لاکھ روپے کی ایک قسط جمع کروائی تھی



جی ایم مارکیٹنگ جناب اظہر حسین، جناب غلام سرور چیمہ (مرحوم) کے صاحبزادے کو ان کے والد کی ڈیتھ کلیم چیک کی مد میں -/39,26,382 روپے کا چیک دے رہے ہیں یاد رہے اس پالیسی میں صرف ایک پریمیئم -/2,55,221 روپے ادا کیا گیا تھا، تصویر میں ایریا منیجر جناب تجمل اور سیلز منیجر جمعہ بھی نمایاں ہیں



زونل ہیڈ لاہور سینٹرل محمد اکبر مغل، جناب رعنا الطاف مغل کو ان کی پالیسی کی میچورٹی پر -/24,18,961 روپے کا چیک دیتے ہوئے




سیکٹر ہیڈ کراچی ساؤتھ زون جناب عابد مسعود، شبیر احمد کا ڈیتھ کلیم چیک ان کی بیٹی سارہ کو دیتے ہوئے



زونل ہیڈ سینٹرل جناب ندیم قادری کلیم چیک دیتے ہوئے

# جناب سلیم الدین صدیقی انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون



اسٹیٹ لائف کے سابق جنرل منیجر ایڈورٹائزنگ اینڈ سیلز پروموشن ڈویژن کے بانی سربراہ اور امریکن لائف کے پہلے ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سلیم الدین صدیقی اس جہان فانی سے رخصت ہوگئے۔ اسٹیٹ لائف کی صورت گری میں ان کی خدمات ناقابل فراموش رہیں۔ انہوں نے کارپوریشن میں موضوعاتی کیلنڈر کی روایت کو جنم دیا۔ قائداعظم کی پینٹنگز کا کیلنڈر جیسا تحفہ قوم کو دیا۔ اسٹیٹ لائف کا جریدہ اسپاٹ لائف بعد ازاں تحفظ آپ کی سرپرستی میں شائع ہوتا رہا۔

اسٹیٹ لائف کے معرض وجود میں آنے کے بعد ایڈورٹائزنگ ڈپارٹمنٹ کے پہلے سربراہ بنے۔ سلیم الدین صدیقی کی سربراہی میں اسٹیٹ لائف نے بے شمار کامیاب تشہیری مہم چلائیں جو بیمہ کے کاروبار کی ترقی میں نہایت مفید ثابت ہوئیں۔ ان کی ان ہی کوششوں کی بدولت اسٹیٹ لائف نے ترقی کی نئی منازل طے کیں۔ جناب سلیم الدین صدیقی اسٹیٹ لائف سے 1992 میں جنرل منیجر کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔ مرحوم انتہائی لائق، ایماندار، صلح جو، شفیق اور مخلص انسان تھے۔ وہ تمام لوگوں سے ایک ہی طریقے سے ملتے تھے۔ کسی بھی آدمی کے کام کو اولین ترجیح دیتے تھے۔

اسٹیٹ لائف کے جملہ افسران و کارکنان مرحوم کی مغفرت کے لئے دعا گو اور پسماندگان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ ادارہ تحفظ دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔ (تحفظ رپورٹ)

## رویّے

# گیسوئے تابدار کو اور بھی تابدار کر



تحریر: محمد افضل جنجوعہ
سابق ڈویژنل ہیڈ

بیمہ دار ہمارے کاروبار میں ایک کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ وہ ہمارے تاج میں چمکتے ہوئے ہیرے کی طرح ہیں جن کی چمک دمک کو برقرار رکھنا ہماری کامیابی ہے۔ اس میں اعلیٰ انتظامیہ سے لے کر اہل کار کی سطح پر ہر طبقے کا کردار نہایت اہم ہے۔ اعلیٰ انتظامیہ ایسی پالیسیاں بنائے جس میں ملازمین کے حقوق، ان کے آرام اور مالی معاملات کا تحفظ کیا جائے۔ بہترین تربیت اور ترقی کے مواقع کے ساتھ ان کی دلجوئی کے مصاعب کئے جائیں۔ وقت کے ساتھ ماحول اور تقاضے بدلتے رہتے ہیں مگر الحمدللہ ہمارا ادارہ ان حوالوں سے اچھی شہرت کا حامل ہے۔

اب ذرا ملازمین کی طرف سے بھی ان رویوں کا ذکر ہو جائے جو ان کی طرف سے نمایاں ہونے چاہئیں۔ یہ بات تنقید کے طور پر نہیں بلکہ ''گیسوئے تابدار کو اور بھی تابدار کر'' کو ذہن میں رکھ کر کی جارہی ہے۔

اعلیٰ افسر ہو یا کارکن وقت کی اہمیت کا احساس سب کو ہونا چاہئے۔ ہمارے ملازمین اس حوالے سے بھی دیگر سرکاری اداروں سے بہت آگے ہیں مگر بہتری کی گنجائش ہر جگہ موجود رہتی ہے۔ وقت کی پابندی میں وقت پر دفتر آنا اور وقت پر واپس جانا ہی شامل نہیں بلکہ اس کے دوران ہم کیا کرتے ہیں، زیادہ اہم ہے۔ ہماری توجہ ان تمام ذمہ داریوں پر مرکوز رہنی چاہئے جو ہمارے منصب کے حوالے سے ہم پر عائد ہوتی ہیں۔

یاد رکھئے کہ صرف شعبہ خدمت بیمہ داران (PHS) ہی بیمہ داروں کی خدمت انجام نہیں دیتا بلکہ ہمارے ادارے کا ہر شعبہ اسی سمت میں کام کرتا ہے۔ ایک پروپوزل کے دفتر میں آنے سے لے کر کلیم کی ادائیگی تک جتنے بھی مراحل ہیں اور جو محکمے بھی ان کو سرانجام دیتے ہیں بیمہ دار کی خدمت کرتے ہیں۔ انڈر رائٹنگ سے وابستہ ملازمین اگر رسک کا انتخاب نہ کریں تو نمبر کا تناسب (Claim Ralies) مناسب سطح سے بڑھ کر مالی دباؤ کا باعث بنے گا۔ ایجنسی ایڈمن والے لوگ اگر بیمہ کارکن اور ان کے رہبران کی صحیح خدمت نہ کریں تو ان میں وہ پرجوش جذبہ برقرار رکھنا مشکل ہوگا۔ شعبہ تربیت، حسابات، شعبہ سرمایہ کاری سب کے سب اپنی اپنی جگہ وہ موتی ہیں جن کی چمک سے ادارہ روشن ہے۔

یہ تو بات تھی فرائض کی۔ اب ذرا رویوں کی بات ہو جائے۔ کسی بھی فرد کے لئے درست فرائض کی درست بجا آوری میں اس کا رویہ بہت اہم ہوتا ہے۔ کام پر بھرپور توجہ، وقت ضائع کرنے والے کاموں سے پرہیز، آنے والے بیمہ دار، فیلڈ کارکن کی ضروریات پر فوری توجہ، مدد کرنے اور مطمئن کرنے کا جذبہ، مسکراہٹ اور خوش دلی کے ساتھ خدمت اور فرض کو سب باتوں پر ترجیح دینا ہی وہ رویئے ہیں جن پر ہر وقت مزید توجہ اور بہتری کی ضرورت رہتی ہے۔

ریٹائرمنٹ کے کئی سال بعد میری توجہ اپنے ادارے کی بہتری کی طرف رہتی ہے اسی لئے تحفظ کے ذریعے دفتر اور فیلڈ کے ساتھیوں سے رابطہ برقرار رہنا چاہئے۔




## افضل جنجوعہ کی نئی کتاب علمی سیاحت منظر عام پر آ گئی

دیدہ زیب سرورق، عمدہ موضوعات، دلکش انداز تحریر کے ساتھ پیرس شہر کے بارے میں اہم معلومات اور تصاویر پر مبنی کتاب اب دستیاب ہے۔
اس میں فلسفہ، ثقافت کے علاوہ لیڈر شپ بھی بہرحال موضوعات ہیں۔
افضل جنجوعہ اسٹیٹ لائف سے ڈویژنل ہیڈ کی حیثیت سے ریٹائر ہونے کے بعد تصنیف و تالیف اور تدریس میں مصروف ہیں۔
رابطہ: 0333-2197206

# ایبٹ آباد زون کی کاروباری سرگرمیاں !

ریجنل چیف خیبر پختونخواہ پشاور جناب خالد محمود شاہد چارج سنبھالنے کے بعد کاروباری دورے پر کھلابٹ اور ہری پور سیکٹر تشریف لائے۔ زونل سربراہ ایبٹ آباد زون محمد خالد، سیکٹر ہیڈز جناب شوکت محمود، ظفر قیوم، ایریا منیجران اور فیلڈ فورس نے مہمان گرامی کا پرجوش استقبال کیا۔ طلائی ہار ان کے گلے کی زینت اور پھولوں کی پتیاں ان پر نچھاور کی گئیں۔ زونل سربراہ ایبٹ آباد زون جناب محمد خالد نے اپنے خطاب میں انہیں خوش آمدید کہا اور امید ظاہر کی کہ ان کی ولولہ انگیز قیادت میں خیبر پختونخواہ ریجن میں کاروباری اعتبار سے واضح تبدیلی نظر آئے گی۔

ریجنل چیف خیبر پختونخواہ جناب خالد محمود شاہد نے تمام شرکاء میٹنگ اور خصوصی زونل سربراہ جناب محمد خالد کا اپنے پرجوش استقبال پر شکریہ ادا کیا انہوں نے کہا کہ میں نے بحیثیت ریجنل چیف خیبر پختونخواہ اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد سب سے پہلا دورہ ایبٹ آباد زون سے شروع کیا کیونکہ ایبٹ آباد زون کاروباری کارکردگی کے اعتبار سے خیبر پختونخواہ کے دوسرے زونز کے مقابلے میں سرفہرست ہے۔ ان کا یہ کہنا تھا کہ بیمہ زندگی کے کاروبار میں بتدریج اضافہ ہی ان کی ترجیح ہے۔ شرکائے میٹنگ سے اپنا مختصر تعارف کرواتے ہوئے سیلز نمائندہ اور اسٹیٹ لائف میں کیریئر پر سیر حاصل گفتگو کی۔ شرکاء میٹنگ نے اپنے قائد کی باتوں کو دلجمعی سے سنا اور ان کی سربراہی میں ایک نئی جہد سے کام کرنے کا عزم کیا۔

ریجنل چیف اپنے دوسرے دورے پر ایبٹ آباد اور حویلیاں سیکٹر کی مشترکہ میٹنگ میں تشریف لائے، زونل سربراہ جناب محمد خالد اور سیکٹر ہیڈ عبدالرشید قریشی نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ ریجنل چیف کا استقبال کیا۔ پھولوں کے گلدستے پیش کئے گئے۔ ریجنل چیف نے اپنی تجربہ بھری باتوں سے شرکاء کے خون کو گرمایا اور کاروباری سرگرمیوں میں بہتری لانے پر زور دیا۔ انہوں نے اس کی اہمیت اور افادیت پر بھی روشنی ڈالی۔

حال ہی میں ترقی پانے والے ایریا منیجر جناب سخی شاہ لال حسین غازی/تربیلہ ڈیم نے ریجنل چیف جناب خالد محمود شاہد کو اپنے ایریا آفس کے افتتاح کے لئے مدعو کیا۔ جسے آپ نے بخوشی قبول کیا اور اگلے ہی دن غازی تشریف لائے۔ غازی ایریا کی ٹیم، سیکٹر ہیڈز جناب شوکت محمود، ظفر قیوم اور دیگر ایریا منیجرز ہری پور/کھلابٹ کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا تھا۔ جناب محمد خالد زونل سربراہ ایبٹ آباد زون کی قیادت میں ریجنل چیف کا پرجوش استقبال کیا گیا، پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں۔ تمام مقررین نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ریجنل چیف کو یقین دلایا کہ ان کی قیادت میں وہ ایک نئے عزم کے ساتھ کام کریں گے اور خیبر پختونخواہ ریجن کو پاکستان بھر میں نمایاں مقام دلانے کے لئے کوئی کسر باقی نہیں چھوڑیں گے۔

ریجنل چیف کے پی کے جناب خالد محمود شاہد نے تمام حاضرین کا پرجوش استقبال پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ لائف کے لئے غازی کے مقام پر ایریا آفس کا قیام ایک اعزاز کی بات ہے۔ جیسے مٹی سے بنا ڈیم تربیلہ ڈیم پاکستان کے لئے اعزاز ہے۔ انہوں نے جناب سخی شاہ لال حسین اور ان کی ٹیم کو ایریا منیجر ترقی پر مبارک باد پیش کی اور اس امید کا اظہار کیا کہ بطور ایریا منیجر وہ پہلے سے کہیں بہتر نتائج حاصل کر پائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ غازی میں دس کروڑ سے زائد پریمیئم (فرسٹ ایئر، سیکنڈ ایئر اور تھرڈ ایئر) جمع ہونے پر یہاں کیش کاؤنٹر کھولنے کے لئے بھی حکمت عملی وضع کی جائے گی۔

رپورٹ: عبدالرشید
ڈپٹی منیجر زونل ہیڈ سیکریٹریٹ



جناب سخی شاہ لال حسین خطاب کرتے ہوئے



شرکائے میٹنگ

# State Life in Social Media









# Secrets of A Profitable Business

It is an era of "Friendly relationship with Customer". In Marketing/Business Organizations, it is required that clients get a willing, prompt, accurate and timely response, that in turn favours you and your company in business development which further leads it to a profitable business.




Marketing/sales and public sector organizations essentially need a friendly relationship with their customers, to convert them into a permanent client.

If your company sets up a well maintained, good office environment, hire efficient & energetic staff with quality management and despite that, if due to other external reasons new customers don't respond to you as per your company's target then your company must not grow. So your customer is one important pillar of your company which plays a vital role in its development otherwise decline in business figures is evitable.

The importance of customer is unanimously believed in all world-class business/manufacturing companies.

Higher, secondary and local management of any company, representative and staff can play a significant role in boosting the image of their company before the general public.

So, in a competitive market, the following measures must be taken by business & financial institution including insurance, banks, agri-marketing etc. in order to achieve corporate business goals.

1. Development and maintenance of beautiful marketing offices.
2. Hiring of energetic/fresh minded staff
3. Maintenance of dress code during office hours
4. Warm reception of client
5. Ensure self-respect of client/customer
6. Knowledge of Job/Seat/Assignment be acquired
7. Your communication, behaviour, commitment, dealing and work done should speak of your competency and credibility
8. Ensure competency
9. Training on the job must be provided to staff
10. Effective, organized and complete presentation be given to your customers
11. Allow your customer to ask questions freel
12. Keep customer on ease/facilities him
13. Handle the objections/complains calmly
14. Don't make excuses due to internal/office's problems
15. Do not put the customer on waiting for too long
16. Develop the fame/image of your organization/department/institution
17. Give the customer a well defined time frame; do not make anything uncertain
18. Leave the customer with honour and pride.



Written by:
Mirza Nousherwan Adil Baig
Incharge RCS, Multan

August, 2018

# Tahaffuz

An in-house magazine of State Life Insurance Corporation of Pakistan



## Assurity and Freedom, hand in hand

### Top Stories

**Southern Region**
Reception by the Regional Cheif to the Area Managers

**Northern Region**
Chairman Shoaib Mir attended the ceremony

**Central Region**
Lahore Regional Conference held

**Khyber Pakhtoonkhwah**
Zonal Heads, Sector Heads & Area Managers' Conference

UAN: 111-111-888 | Website: www.statelife.com.pk | www.facebook.com\State Life Insurance Corporation